حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ورک شیٹ برائے سبق ۴

مرکب جُملے:

مرکب جُملے وہ جُملے ہوتے ہیں جن میں دو یا دو سے زیادہ سادہ جُملے آپس میں حروفِ ربط (اور، لیکن، کیونکہ، یا، اگر، مگر، تاکہ وغیرہ) کے ذریعے مل کر ایک نیا جُملہ بناتے ہیں۔

مثالیں:

۱۔ یاسر اسکول گیا اور وہاں کھیل میں حصہ لیا۔ (دو کام: اسکول جانا + کھیل میں حصہ لینا)

۲۔ میں نے محنت کی لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔ (دو خیالات: محنت کرنا + کامیاب نہ ہونا)

۳۔ اگر بارش ہوئی تو ہم باہر نہیں جائیں گے۔ (شرطیہ جُملہ: اگر بارش ہو + باہر نہ جانا)

۴۔ وہ بیمار تھا، اس لیے اسکول نہیں آیا۔ (وجہ اور نتیجہ: بیمار ہونا + اسکول نہ آنا)

۱۔ نیچے دیے گئے جُملوں میں مناسب لفظ (اور، لیکن، کیونکہ، تو، اگر، تاکہ، اس لیے) لگا کر مرکب جُملہ بنایئے:

(ا) میں نے سبق یاد کیا ________ استاد خوش ہوں۔

(ب) وہ اسکول نہیں آیا ________ وہ بیمار تھا۔

(ج) ہم نے کھانا کھایا ________ کھیلنے چلے گئے۔

(د) وہ دوڑا ________ ریس نہ جیت سکا۔

(ہ) تم محنت کرو گے ________ کامیاب ہو جاؤ گے۔

(و) وہ کھیلنا چاہتا تھا ________ اس کا ہوم ورک مکمل نہیں تھا۔

(ز) اگر سورج نکلا ________ ہم باہر کھیلیں گے۔

(ح) میں نے دروازہ کھولا ________ بلی اندر آ گئی۔

(ط) میں نے دوست کو بلایا ________ وہ مصروف تھا۔

(ی) ہم نے سبق یاد کیا تھا ________ امتحان میں اچھے نمبر آئے۔